31 جنوری 2014ء

گورنر اسٹیٹ بینک کا استعفا

گورنر یاسین انور کے اسٹیٹ بینک سے مستعفی ہونے کی وجوہات کے بارے میں کئی میڈیا رپورٹوں میں مختلف قیاس آرائیاں کی جاتی رہی ہیں۔ ہم اس بات کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں کہ گورنر یاسین انور نے ذاتی وجوہات کی بنا پر استعفا دیا ہے جن کا تعلق ان کے خاندان سے ہے، خاص طور پر اس حادثے کے حوالے سے جس میں ان کے بیرون ملک زیر تعلیم صاحبزادے کو بدقسمتی سے سر میں زخم لگا۔ جناب یاسین انور کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں سات سال تک ڈپٹی گورنر اور گورنر کے عہدے پر اس ممتاز ادارے میں خدمات انجام دینا باعث افتخار رہے۔

☆☆☆